# 02-05-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ سینئر کانگریس لیڈر وسیول سپلائیز اور آبپاشی کے ریاستی وزیر کیپٹن اتم کمار ریڈی نے عوام کو انتباہ دیا ہے کہ اگر وزیر اعظم نریندر مودی تیسری مرتبہ اقتدار میں آتے ہیں تب ملک کی جمہوریت کو خطرہ ہو سکتا ہے۔

☆ بی جے پی کریم نگر ایم پی بنڈی سنجے نے دعویٰ کیا ہے کہ ٹی آر ایس کے سدی پیٹ ایم ایل اے ہریش راؤ اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، ٹی آر ایس حکومت کے دوران فون ٹیاپنگ کا شکار رہے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے ایک ویڈیو میں چھیڑ چھاڑ سے متعلق کیس کے تحت جاری تحقیقات کے سلسلہ میں دلی پولیس کے خصوصی سیل کی ایک ٹیم آج حیدر آباد میں واقع پردیش کانگریس پارٹی ہیڈ کوارٹرس گاندھی بھون پہنچی۔

☆ ریاست بھر میں آئندہ چار دن کے دوران گرمی کی شدت برقرار رہنے کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے ایک ویڈیو میں چھیڑ چھاڑ سے متعلق کیس کے تحت جاری تحقیقات کے سلسلہ میں دلی پولیس کے خصوصی سیل کی ایک ٹیم آج حیدر آباد میں واقع پردیش کانگریس پارٹی ہیڈ کوارٹرس گاندھی بھون پہنچیں۔ اس ٹیم نے تلنگانہ کی مقامی پولیس سے ملاقات کی اور جن لیڈرس کو اس معاملہ میں نوٹسیں جاری کی گئی ہیں ان کے تعلق سے تفصیلات حاصل کیں۔ اسی دوران تحقیق کاروں کو سوشیل میڈیا سائیٹ ایکس اور میٹا سے چھیڑ چھاڑ کردہ ویڈیو کے تعلق سے کسی بھی قسم کا ردعمل نہیں ملا ہے۔ دلی پولیس کی خصوصی سیل کے ذرائع نے یہ بات بتائی۔ اب تک جعلی ویڈیو کو پھیلانے کے معاملہ میں تین افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ دو افراد کو گجرات میں اور ایک شخص کو آسام میں گرفتار کیا گیا۔ دلی پولیس کے ایک سینئر آفیسر نے کہا ہے کہ اس ویڈیو سے جس نے بھی چھیڑ چھاڑ کیا اس تک پہنچنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ حیدر آباد سائبر کرائم پولیس نے غلط اطلاعات پھیلانے پر تلنگانہ کانگریس پارٹی کے ایکس اکاؤنٹ کے ایڈمنسٹریٹرس کے خلاف ایک کیس درج کرلیا ہے۔ پولیس میں درج کرائی گئی ایک شکایت میں بی جے پی کے ریاستی جنرل سکریٹری پریمندر ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ کانگریسی لیڈرس نے مسلمانوں اور ایس سی، ایس ٹی تحفظات سے متعلق امیت شاہ کے ویڈیو میں چھیڑ چھاڑ کی ہے۔

☆☆☆☆☆

پدما ایوارڈس 2025 کے لئے آن لائن نامزدگیوں اور سفارشات کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ پدما ایوارڈس کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے کی آخری تاریخ پندرہ ستمبر مقرر کی گئی ہے۔ ان ایوارڈس کیلئے نامزدگیاں رسفارشات، راشٹریہ پرسکار پورٹل awards.gov.in پر آن لائن داخل کی جاسکتی ہیں۔ پدما ایوارڈس میں پدما وی بھوشن، پدما بھوشن اور پدم شری شامل ہیں جو ملک کے اعلیٰ شہری ایوارڈس ہیں۔ مرکزی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ حکومت، پدما ایوارڈس کو عوامی ایوارڈ میں تبدیل کرنے کیلئے پرعزم ہے۔

☆☆☆☆☆

اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن (TSPSC) نے آج اعلان کیا ہے کہ گروپ ون پریلمنری امتحان آف لائن ذریعہ سے OMR کی بنیاد پر منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ کمیشن کے ایک پریس ریلیز کے مطابق گروپ ون پریلمنری ٹسٹ (آبجکٹیو ٹائپ) جو 9 جون کو منعقد ہوگا، OMR طریقہ سے آف لائن منعقد کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

TSICET 2024 کے لئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں بنا دیرینہ فیس 7 مئی تک توسیع کی گئی ہے۔مختلف گوشوں سے مطالبہ کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔تلنگانہ اسٹیٹ کونسل آف ہائیر ایجوکیشن کے چیئر مین لمادری نے یہ بات بتائی۔نظر ثانی شدہ شیڈول کے مطابق 250روپئے دیرینہ فیس کے ساتھ درخواستیں اس ماہ کی 17 تاریخ تک داخل کی جاسکتی ہیں جبکہ 500روپئے دیرینہ فیس کے ساتھ درخواستیں دینے کی آخری تاریخ 27 مئی مقرر کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست تلنگانہ میں آئندہ چار دن کے دوران گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے ایک پریس ریلیز میں کہا ہے کہ اضلاع کریم نگر، پدا پلی، بھوپال پلی، ملوگو، کتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں مختلف مقامات پر کل جمعہ کو گرمی کی لہر برقرار رہے گی۔ان اضلاع میں آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ریاست بھر میں درجہ حرارت میں اضافہ ہوا ہے۔ریاست کے گیارہ مقامات پر درجہ حرارت 46 ڈگری سلسیس کو عبور کر گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

اندرا کرن ریڈی نے جو بی آر ایس حکومت میں وزیر رہ چکے ہیں، اے آئی سی سی انچارج دیپ داس منشی کی موجودگی میں کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔اس سے پہلے انہوں نے بی آر ایس صدر چندر شیکھر راؤ کو اپنا استعفیٰ روانہ کیا۔

☆☆☆☆☆

سینئر کانگریس لیڈر و سیول سپلائیز اور آبپاشی کے ریاستی وزیر کیپٹن اتم کمار ریڈی نے عوام کو انتباہ دیا ہے کہ اگر وزیر اعظم نریندر مودی تیسری مرتبہ اقتدار میں آتے ہیں تب ملک کی جمہوریت کو خطرہ ہوسکتا ہے۔اتم کمار ریڈی نے حلقہ لوک سبھا نلگنڈہ کے کانگریس امیدوار رگھو ویرا ریڈی کے حق میں ضلع سوریا پیٹ میں مختلف انتخابی میٹنگوں سے خطاب کیا۔مودی کی حال ہی میں سنگا ریڈی میں کی گئی تقریر کا حوالہ دیتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ مودی اس بات کی وضاحت کرنے میں ناکام رہے کہ اقتدار میں آنے پر بی جے پی دستور کو نہیں بدلے گی۔انہوں نے اس اندیشہ کا اظہار کیا کہ اگر بی جے پی اقتدار میں دوبارہ آتی ہے تب صورتحال خطرناک ہوسکتی ہے کیوں کہ وہ تحفظات کے نظام کو برخاست کرسکتی ہے۔اتم کمار ریڈی نے مودی کو چیلنج کیا کہ تاریخ میں کبھی بھی پیش آئے ایسے واقعہ کی مثال دیں جس میں کسی ایک طبقہ کے تحفظات کو ختم کرتے ہوئے مسلمانوں کے بشمول کسی اور طبقہ کو تحفظات دیئے گئے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ کے جسٹس وجئے سین ریڈی کو جسٹس سرپورکر تحقیقاتی کمیشن کی رپورٹ پر مزید احکام تک معطل کر دیا گیا ہے۔مذکورہ کمیشن نے رپورٹ دی تھی کہ دیشا انکاؤنٹر معاملہ میں مختلف رینک کے حامل دس پولیس آفیسرس غلط پائے گئے۔جج نے اس سلسلے میں دو درخواستوں کی سماعت کے بعد عبوری حکمنامہ جاری کیا۔یہ دو درخواستیں شاد نگر کے اسٹیشن ہاؤز آفیسر سریدھر اور تحصیلدار رجے پانڈو کی جانب سے داخل کی گئی تھیں۔ جج نے اس کے علاوہ ریاستی حکومت کو بھی یہ ہدایت دی کہ سماعت کی اگلی تاریخ تک مذکورہ پولیس عہدیداروں کے ساتھ کسی بھی طرح کاروائی نہ کی جائے۔اس معاملہ کی سماعت جولائی تک کیلئے ملتوی کر دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

حلقہ پارلیمنٹ حیدرآباد میں انتخابی مہم میں شدت پیدا ہورہی ہے۔مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے پارٹی امیدوارہ مادھوی لتا کے حق میں کل شام پرانے شہر میں ریالی نکالی جس میں عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس ریالی میں سکندرآباد کے بی جے پی امیدوار کشن ریڈی بھی موجود تھے۔بی جے پی امیدوارہ مادھوی لتا صبح اور شام انتخابی مہم چلا رہی ہیں اور اپنے حریف وکل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے امیدوار اسدالدین اویسی کو شکست دینے کیلئے بھرپور کوشش کررہی ہے۔اسدالدین اویسی بھی مسلسل پانچویں مرتبہ اس حلقہ سے منتخب ہونے کیلئے صبح اور شام پیدل دورے کررہے ہیں اور عوامی جلسوں سے خطاب کررہے ہیں۔حلقہ حیدرآباد سے کانگریس نے سمیع اللہ کو امیدوار بنایا ہے۔سمیع اللہ کے مطابق حیدرآباد کے رائے دہندے مجلس اور بی جے پی کے فرقہ وارانہ رویہ سے تنگ آگئے ہیں اور اس مرتبہ کانگریس کو ووٹ دیں گے۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کریم نگر ایم پی بنڈی سنجے نے دعویٰ کیا ہے کہ ٹی آر ایس کے سدی پیٹ ایم ایل اے ہریش راؤ اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، ٹی آر ایس حکومت کے دوران فون ٹیاپنگ کا شکار رہے۔ بنڈی سنجے نے الزام عائد کیا کہ سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ اور ٹی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ، فون ٹیاپنگ معاملہ میں ملوث رہے جبکہ ضلع راجنا سرسلہ اس اسکام کا اہم مرکز رہا۔ نامپلی میں واقع بی جے پی پارٹی آفس میں آج میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے بنڈی سنجے نے سوال کیا کہ کانگریس پارٹی اس کیس کو سی بی آئی کے حوالے کیوں نہیں کر رہی ہے اور عوام کے سامنے حقائق کیوں نہیں لائے جا رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے بی آر ایس کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ پر عوامی سرگرمیوں کے علاوہ میٹنگوں، انتخابی ریالیوں اور میڈیا سے بات چیت کے لئے 48 گھنٹوں کی پابندی عائد کر دی ہے۔ امتناع کا عمل کل شب سے شروع ہوا۔ یہ فیصلہ اس وقت کیا گیا جب کانگریس کے سینئر نائب صدر نرنجن نے گزشتہ ماہ ضلع سرسلہ میں میڈیا کانفرنس کے دوران کانگریس پر کے سی آر کے نازیبا بیان کے خلاف شکایت درج کرائی تھی۔

☆☆☆☆☆

ریاست میں اس ماہ کی 13 تاریخ کو ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے پیش نظر وزیر اعظم نریندر مودی 8، 9 اور 10 تاریخ کو ریاست کا دورہ کریں گے۔ وہ 8 مئی کو ضلع راجنا سرسلہ کے ویملواڑہ منڈل میں عوامی جلسہ سے خطاب کریں گے اور ورنگل کے میدی کنڈہ میں بھی عوام سے خطاب کریں گے۔ مودی دس مئی کو حلقہ پارلیمنٹ محبوب نگر کے تحت نارائن پیٹ میں عوامی جلسہ سے خطاب کریں گے اور بعد ازاں حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں جلسہ کو مخاطب کریں گے۔

☆☆☆☆☆